# مقدسہ مریم ملکہِ روزری

پاک ماں کیتھولک کلیسیا اپنے لطّویائی سال میں ماہِ مئی اور ماہِ اکتوبر کو مُقدسہ ماں مریم کی عزت وتعظیم اورعقیدت واحترام کے لئے مخصوص کرتی ہے اور مومینن کودعوت دیتی ہے کہ وہ مُقدسہ ماں مریم کی اقدس روزری کی عبادت میں شامل ہوکراُس کی سفارش کے ذریعے خُدا سے برکات وفضائل حاصل کریں۔مزید یہ کہ اِن مہینوں کو مُقدسہ ماں مریم کی اقدس روزری کے مہینوں سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔کیونکہ اِن مہینوں میں دُنیا بھر کے کیتھولک مسیحی اِیمانی،روحانی اور بشارتی جذبے کے ساتھ نہ صرف مُقدسہ ماں مریم کی اقدس روزری کی عبادت میں شریک ہوتے ہیں بلکہ مختلف طریقوں سے وہ اپنی اُس عقیدت و احترام کا اور پیارومحبت کا اظہار کرتے ہیں جو وہ مُقدسہ ماں مریم کی پاک ذات سے رکھتے ہیں۔وہ مُقدسہ ماں مریم کی پاک ذات کو نذرانہ عقیدت پیش کرتے ہیں۔یہ سب کچھ اِس لئے کیا جاتا ہے کیوں کہ روزری اور مُقدسہ ماں مریم کی پاک ذات ہماری زندگیوں میں نہایت اہمیت کی حامل اوراعلیٰ مقام رکھتے ہیں۔مُقدسہ ماں مریم کی پاک ذات اُس ستارے کی مانند ہے جس کی روشنی سے ایک نئی صُبح،ایک نئے دن،اورایک نئی منزل کا آغاز ہوتا ہے۔خُدا باپ کو مُقدسہ ماں مریم کی زندگی اوراُس کے اعمال نے اِس قدر مُتاثر کیا کہ اُس نے اپنے آپ کو انسانی رُوپ میں ظاہر کرنے کے لیے اُس کے رحم کا چناؤ کیا۔مُقدسہ ماں مریم کے حالاتِ زندگی کو خُداوند یسوع مسیح کے حالاتِ زندگی کے بغیر بیان نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ خُداوند یسوع مسیح کی زندگی کا مُقدسہ ماں مریم کی زندگی کے ساتھ بہت گہرا تعلق ہے۔مُقدسہ ماں مریم اپنی زندگی میں اِن یادوں کو،لمحات کو اور واقعات کو جو خُداوند یسوع مسیح کے ساتھ گزرے تھے اِن پر دھیان وگیان کرتی رہتی تھی اور یہی یادِ ماضی روزری کی شکل اختیار کرگیا ہے جسے مُقدسہ ماں مریم اپنی زندگی میں لگاتار پڑھتی آئی ہے اور آج اِسی یادِ ماضی کو پاک ماں کیتھولک کلیسیا کے مومینن جاری وساری رکھے ہوئے ہیں کیوں کہ مُقدسہ ماں مریم کی روزری کا آغاز ہی مُقدسہ ماں مریم کے دھیان وگیان، تجربہ اور محبت سے ہوا جو وہ خُداوند یسوع مسیح سے کرتی تھی۔مُقدس دومینک نے 1221خ۔س میں روزری کا آغاز کیا۔اُنھوں نے روزی کو بطور ہتھیار بدعتوں کے خاتمے کے لئے اِستعمال کیا۔

مُقدسہ ماں مریم کو ملکہِ روزری کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔روزری محض ایک دُعا نہیں بلکہ یہ ایک مکمل روحانی دھیان وگیان اور ریاضیت کی عبادت ہے۔ پاک ماں کیتھولک کلیسیا خُداوند یسوع مسیح کے حالاتِ زندگی کو،اہم واقعات کو اور پاشکائی بھید کو مُقدسہ ماں مریم کی روزری کے ذریعے ہم پر یہ عیاں کرتی ہے تاکہ ہم مسیحی ایمان میں مضبوط ہوکر اِس روحانی دھیان وگیان کی عبادت کے وسیلہ سے ڈھیروں برکات وفضائل حاصل کرسکیں۔روزری ایک ایسی عبادت ہے جسے ہم کسی

بھی وقت اور چاہے کسی بھی حالت میں ہوں ادا کر سکتے ہیں مثال کے طور پر کام کاج کرتے ہوئے، بیماری کی حالت میں، سفر کرتے ہوئے وغیرہ وغیرہ لیکن پاک ماں کیتھولک کلیسیا چاہتی ہے کہ اِس عبادت کو ایک خاندان کی صورت میں اور ایک جماعت کی صورت میں ادا کیا جائے کیوں کہ روزری کی عبادت کو خاندانی عبادت بھی کہتے ہیں۔ روزری مُقدسین کی پسندیدہ عبادت ہے اور مُقدسین کی زندگیوں میں روزری اعلیٰ مقام رکھتی ہے۔ مُقدسہ ماں مریم کی سفارش سے ہی اور مُقدسہ ماں مریم سے اُن کی عقیدت واحترام کی وجہ سے ہی وہ اِس اعلیٰ مقام تک پہنچ پاتے ہیں۔ مقدس پوپ جان پال دوئم فرماتے ہیں کہ روزری کی عبادت میری پسندیدہ عبادت ہے بلکہ اُنہوں نے تو اپنے پاپائی دور میں اکتوبر (2002 سے 2003 خ س) تک کے سال کو روزری کا سال قرار دیا تھا اور روزری میں نور کے پانچ بھیدوں کا بھی اضافہ کیا۔ مُقدس دومینک، مُقدس کتھرین آف سیانا، مُقدس فرانس آف اسیسی، مُقدسہ کلارہ، مُقدسہ برنادت، مُقدس پادرے پیو، مُقدسہ مادر ٹریضہ آف کلکتہ اور بہت سے مُقدسین نے نہ صرف روزری کی عبادت کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنایا بلکہ اِس روحانی دھیان وگیان کی عبادت کو دُوسرں تک پہنچانے میں کسی قسم کی بھی قُربانی سے دریغ نہ کیا۔

روزری کی عبادت ایک ایسی عبادت ہے جو کہ کلیسیا میں اور ہمارے خاندانوں میں امن واتحاد، پیار ومُحبت اور صُلح وسلامتی کو فروغ دیتی ہے۔ بلکہ ہر اُس شخص کو جو مُقدسہ ماں مریم اور روزری کی عبادت سے مُحبت کرتا ہے اُس کو شخصی، روحانی اور ایمانی طور پر ترقی اور تبدیلی عطا کرتی ہے۔ روزری ہمیں مُقدسہ ماں مریم کی مانند حلیم وفروتن، فرمابردار شاگرد، عاجزی وانکساری کا درس دیتی ہے۔ روزری زندگی میں دُکھ اور مصیبت میں حوصلہ اور اُمید پانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ روزری سے ہماری زندگیاں تبدیل ہوتی ہیں اور ہم نیک زندگی کی طرف چل پڑتے ہیں۔ چاہے ہم نے روزری کو گلے میں پہنا ہو یا پھر ہمارے ہاتھ میں ہو یا پھر ہمارے پاس ہو یہ ہمیں احساس دلاتی ہے کہ خُدا ہمارے ساتھ ہے اور روزری کی عبادت کے ذریعے مُقدسہ ماں مریم کا وہ قول پورا ہوتا ہے جو یہ ہے کہ "میری جان خُداوند کی بڑائی کرتی ہے۔ اور میری رُوح میرے نجات دینے والے خُدا سے خُوش ہوئی۔ کیوں کہ اُس نے اپنی بندی کی پست حالی پر نظر کی۔ اِس لئے دیکھ۔ اَب سے لے کر ہر زمانے کے لوگ مُجھے مُبارک کہیں گے۔ اِس لئے کلیسیا کے آغاز سے آج تک سب ایماندار لوگ مُقدسہ ماں مریم کو روز بروز فرشتوں اور مُقدسہ الصیابات کے ساتھ مل کر سلام کرتے اور اُسکا ادب بجالاتے ہیں۔ جب ہم مُقدسہ ماں مریم کی زندگی پر دھیان وگیان کرتے ہیں تو ہم پر یہ بات مُکمل اور کامل طور پر واضح ہوجاتی ہے کہ مُقدسہ ماں مریم کی پاک ذات عزت وتعظیم کے لائق ہے اور کیوں کہ وہ خُدا کی ماں ہے اور تمام عورتوں میں مُبارک ہے یہاں تک کہ وہ ساری مخلوقات میں سے اعلیٰ اور افضل مقام رکھتی ہے۔

جب بھی ہم میں سے کوئی بھی مقدسہ ماں مریم کو مُبارک کہتا، اُس کی عزت و تعظیم، عقیدت و احترام کرتا ہے، اور اُس کی سفارش طلب کرتا ہے تو وہ رُوحانی و جسمانی برکات حاصل کرتا ہے۔ کیونکہ ماں کبھی اپنے بچوں کو خالی ہاتھ نہیں لوٹاتی۔

تو پھر آئیں میرے عزیزوں! ہم اس روزری کے بابرکت مہینہ میں مُقدسہ ماں مریم کے قدموں میں آئیں، فرشتوں اور مُقدسہ الصیابات کے ساتھ مِل کر مُقدسہ ماں مریم کو سلام کہیں، اُس کو مُبارک کہیں، اور اُس کی سفارش مانگیں تا کہ خُدا سے ڈھیروں برکات و فضائل حاصل کرتے رہیں۔ آمین!